A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور۔

شیڈول انٹرمیڈیٹ امتحانات

مورخہ 12-09-2018

عنوان: **انٹرمیڈیٹ و علوم السنہ شرقیہ سپلیمنٹری امتحانات 2018ء کے آن لائن داخلہ فارم ، فیس اور ہارڈ کاپی کی وصولی کا شیڈول۔**

نمبر 48/ میٹنگ مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین سے موصولہ مراسلہ نمبر No.349-SY/PBCC/LHR مورخہ 10-09-2018 کے مطابق بہاول پور بورڈ کے زیراہتمام انٹرمیڈیٹ و علوم السنہ شرقیہ سپلیمنٹری امتحانات 2018ء کا انعقاد **مورخہ 22۔اکتوبر 2018ء بروز سوموار** سے ہوگا۔اس امتحان میں شامل ہونے والے جملہ امیدواران کے داخلہ فارم آن لائن کرنے اور داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی و داخلہ فیس کے بنک چالان کی بورڈ ہذا میں وصولی کا شیڈول درج ذیل ہے:۔

نمبر شمار	شیڈول	تاریخ
1	آن لائن داخلہ فارم، فیس اور ہارڈ کاپی ارسال کرنے کی بغیر لیٹ فیس کے آخری تاریخ۔	13-09-2018 تا 27-09-2018
2	آن لائن داخلہ فارم، فیس اور ہارڈ کاپی ارسال کرنے کی دوگنا فیس کے ساتھ آخری تاریخ۔	28-09-2018 تا 02-10-2018
3	آن لائن داخلہ فارم، فیس اور ہارڈ کاپی ارسال کرنے کی تین گنا فیس کے ساتھ آخری تاریخ۔	03-10-2018 تا 05-10-2018

الف۔ داخلہ فیس، پروسیسنگ فیس اور سرٹیفکیٹ فیس کی شرح

تفصیل	انٹرمیڈیٹ۔سنگل پارٹ ریگولر	انٹرمیڈیٹ۔سنگل پارٹ پرائیویٹ	پارٹ فرسٹ اینڈ سیکنڈ (کمپوزٹ) ریگولر	پارٹ فرسٹ اینڈ سیکنڈ (کمپوزٹ) پرائیویٹ
سائنس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان ہو	800	900	1600	1800
آرٹس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان نہ ہو	750	800	1500	1600
پروسیسنگ فیس	400	400	400	400
سرٹیفکیٹ فیس (صرف ایک مرتبہ)	550	550	550	550

Result.pk

ب۔ علوم السنہ شرقیہ (ادیب/عالم/فاضل)

داخلہ فیس	پروسیسنگ فیس
900/- روپے	400/- روپے

ضروری تاکید/ہدایات برائے سربراہان تعلیمی ادارہ جات/ پرائیویٹ امیدواران۔

(1) انٹرمیڈیٹ سپلیمنٹری امتحان 2018ء میں صرف ایسے امیدواران شامل ہو سکتے ہیں جو اس سال سالانہ امتحان 2018ء میں شامل ہونے کے بعد ناکام ہوئے ہوں یا ایسے امیدواران جن کے چانس باقی ہوں۔واضح رہے کہ کوئی امیدوار پہلی دفعہ (فریش) سپلیمنٹری امتحان میں شمولیت کا اہل نہیں ہے۔

(2) اب طلباء و طالبات کہیں سے بھی اپنا داخلہ فارم بورڈ کی ویب سائٹ www.bisebwp.edu.pk سے آن لائن کر سکیں گے۔آن لائن داخلہ فارم اور چالان فارم کا پرنٹ آؤٹ لے کر بورڈ کے منظور شدہ یونائیٹڈ بینک میں فیس جمع کروانے کے بعد داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی اپنی رہائش کے قریب ترین گورنمنٹ/بورڈ سے الحاق شدہ پرائیویٹ کالج/ہائی سکول کے پرنسپل/ہیڈ ماسٹر سے تصدیق کروا کر **اسسٹنٹ کنٹرولر انٹرمیڈیٹ (امتحانات)، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، بہاول پور** کو مقررہ تاریخ کے اندر ارسال کرنا ضروری ہے بصورت دیگر امتحان میں شمولیت کے اہل نہ ہوں گے۔

(جاری ہے)

(3) کمپارٹمنٹ کی صورت میں امتحان دینے پر متعلقہ گروپ ﴿سائنس رآرٹس﴾ کی پوری فیس وصول کی جائیگی۔

(4) واضح رہے کہ ایسے امیدواران جو اپنا داخلہ فارم آن لائن کرنے کے بعد اس کی ہارڈ کاپی بمع چالان مقررہ شیڈول کے اندر بورڈ کو ارسال نہیں کریں گے وہ اس وقت تک امتحان میں شامل ہونے کے اہل نہ ہونگے جب تک کہ وہ مقررہ شیڈول کے مطابق بقیہ مجوزہ فیس کی ادائیگی نہیں کر دیتے۔

سیکریٹری

کاپی برائے اطلاع رضروری کاروائی۔

(1) جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (کالجز رہائیر سیکنڈری سکولز رکامرس کالجز)، واقع حدود بہاول پور بورڈ۔

(2) ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (کالجز)، بہاول پور ڈویژن، بہاول پور۔

(3) پرنسپل، گورنمنٹ ایلیمنٹری ٹیچرز ٹریننگ کالج (بوائز رگرلز)، بہاول پور۔

(4) ممبران بورڈ، چیف ایگزیکٹو آفیسر (سیکنڈری) اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (کالجز) ضلع بہاول پور، بہاولنگر، رحیم یار خان۔

(5) ریجنل ڈائریکٹر تعلقات عامہ بہاول پور (برائے اشاعت)۔

(6) نیوز ایڈیٹر، ریڈیو پاکستان بہاول پور (برائے نشریات)۔

(7) منیجر، UBL بورڈ برانچ (مہربانی فرما کر بورڈ کی حدود میں واقع UBL کی تمام برانچز کو نوٹیفکیشن ہذا سے فوری طور پر آگاہ فرمائیں تاکہ شیڈول اور مجوزہ شرح کے مطابق داخلہ فیس و دیگر فیس وصول کی جاسکے)۔

(8) داخلی تقسیم رنوٹیفکیشن فائل۔

13/9/18

انچارج میٹنگ

Result.pk